رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۳۵۴ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — فون: ۲۲۵

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

روزنامہ الفضل ربوہ

خطبہ نمبر ۳۲

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۰/۳۵ اتوار ۱۵ صفر المظفر ۱۴۰۲ھ - ۱۳ فتح ۱۳۶۰ ہش - ۱۳ دسمبر ۱۹۸۱ء نمبر ۲۸۴

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ربوہ ۱۰ فتح / دسمبر۔ سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے بارے میں محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب کی مرسلہ آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

حضور انور کو ضعف کی ابھی کافی تکلیف ہے۔

احباب کرام التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولیٰ کریم شافی مطلق خدا محض اپنے فضل سے ہمارے جان سے پیارے آقا ایدہ اللہ کو صحت کامل عطا کرے اور ہر لمحہ و ہر آن اپنے خاص الخاص تائیدات سے سرفراز کرتا چلا جائے آمین۔

حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت رات سے سر درد اور زکام کی وجہ سے ناساز ہے اور کل سے طبیعت کی خرابی کا جو تازہ سلسلہ شروع ہوا تھا وہ بدستور جاری ہے۔

احباب کرام خاص توجہ اور انتہائی درد کے ساتھ اپنے مولا کریم شافی مطلق کے در پر عاجزانہ اور متضرعانہ دعائیں جاری رکھیں کہ وہ حقیقی خدا حضرت سیدہ مدظلہا کے بابرکت وجود کو صحت و سلامتی عطا کرے اور اپنے فضل سے لمبی اور بابرکت عمر سے نوازے آمین۔

حضرت سیدہ بیگم صاحبہ کو عالمگیر سطح پر اہم دینی خدمات بجا لانے کی سعادت ملی

آپ کی ذات قرآنی تعلیم اور دینی شعائر کا ایک گراں قدر نمونہ تھی

حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ کی وفات پر صدر انجمن احمدیہ قادیان اور مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ کی قراردادہائے تعزیت

بعد بنیادی پتھر نصیب کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپ کی ذات قرآنی تعلیم اور دینی شعار کا ایک گراں قدر نمونہ تھی۔ آپ دلیر صائب الرائے۔ صاحب فراست حلیم الطبع بے نفس اور منکسر المزاج خاتون تھیں۔ حضور انور کی شبانہ روز مصروفیات اور ذمہ داریوں کی ادائیگی میں آپ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی بہترین رفیق اور دست راست تھیں یقیناً آپ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرتے ہوئے عظیم الشان قربانیاں کرنے والی ایک عظیم خاتون تھیں۔

اس عظیم اور بزرگ ہستی کے انتقال پر ملال پر ہم ممبران مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ غمگین دل اور نمناک آنکھوں کے ساتھ اپنے جان سے پیارے آقا کے حضور اور آپ کے صاحبزادگان محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب محترم صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب۔ محترم صاحبزادہ مرزا القمان احمد صاحب۔ آپ کی صاحبزادیوں محترمہ صاحبزادی امۃ الشکور بیگم صاحبہ۔ محترمہ صاحبزادی امۃ الحلیم بیگم صاحبہ۔ حضرت سیدہ مرحومہ کے بھائی اور بہنوں محترم نواب مسعود احمد خان صاحب۔ محترمہ بیگم صاحبہ حضرت مرزا شریف احمد صاحب۔ محترمہ محمودہ بیگم صاحبہ۔ محترمہ آصفہ بیگم صاحبہ اور دیگر افراد خاندان حضرت اقدس سے گہرے رنج و غم اور دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ مولیٰ کریم حضرت بیگم صاحبہ مرحومہ کو اپنے قرب خاص سے نوازے اور ہر آن آپ کے درجات بلند سے بلند تر فرماتا چلا جائے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت و عمر میں برکت بخشے اور جملہ پسماندگان اور افراد خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین

ہم ہیں حزیں و دلفگار

ممبران مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ

صدر انجمن احمدیہ قادیان

سیدنا حضرت صاحبزادہ حافظ مرزا ناصر احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ کی حرم محترم حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ دختر حضرت نواب محمد علی خان صاحب و حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ قضائے الٰہی سے مختصر سی علالت سے بعمر ۷۰ سال انتقال فرما گئیں ہیں اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

حضرت ممدوحہ نے حضرت نواب محمد علی خان صاحب اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ جیسے بزرگ والدین سے بچپن میں اور بعد شادی حضرت سیدہ (اماں جان) حضرت مصلح موعود اور حضرت سیدہ ام ناصر صاحبہ سے فیض پایا اور تربیت حاصل کی۔ جو اپنے خاوند سیدنا حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب ایدہ اللہ تعالیٰ کے مسند قیادت جماعت احمدیہ پر متمکن ہونے پر بہت مفید ثابت ہوئی اور آپ نے احمدی خواتین کی تربیت میں آپ کا ہاتھ بٹایا۔

اب سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ پر قیادت و امامت کی ساری ذمہ داریاں ہیں اور نئی صدی جو قلعۂ اسلام کی صدی ہے اس میں کام میں بہت بھاری اضافہ ہوا ہے۔ ایسے موقعہ پر معاون خاص اور رفیقۂ حیات کی مفارقت بہت بڑا صدمہ ہے۔ اور اس سے ناقابل تلافی خلا پیدا ہوا ہے۔ آپ یورپ مغربی افریقہ۔ امریکہ کینیڈا کے کٹھن اور طویل سفروں میں ساتھ رہیں اور ان ممالک کی احمدی خواتین کی تربیت و تسکین کا موجب بنتی رہیں۔

اس جانکاہ سانحہ پر صدر انجمن احمدیہ قادیان کی طرف سے سیدنا حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دلی تعزیت کے اظہار کی قرارداد پیش ہے۔

ہم اپنے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ اور خاندان حضرت اقدس کے اس شدید صدمہ میں برابر کے شریک ہیں اور حضرت ممدوحہ کے رفع درجات کے لئے دعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ سیدنا حضور ایدہ اللہ تعالیٰ حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ اور حضرت ممدوحہ کی ہمشیرگان اور حضرت بوزینب بیگم صاحبہ (حرم حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب) محترمہ صاحبزادی محمودہ بیگم صاحبہ بیگم محترم ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا مبشر احمد صاحب و برادر محترم نواب مسعود احمد خان صاحب اولاد محترمہ صاحبزادی امۃ الشکور صاحبہ و محترمہ صاحبزادی امۃ الحلیم صاحبہ و صاحبزادگان محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب۔ محترم صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب اور محترم صاحبزادہ مرزا القمان احمد صاحب و دیگر افراد خاندان حضرت اقدس اور تمام جماعت کو اللہ تعالیٰ اس صدمہ کے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین ثم آمین

ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ قادیان

مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ

رَضِيْنَا بِاللّٰهِ رَبًّا

حضرت سیدہ منصورہ بیگم صاحبہ حرم محترم سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ چند روز کی شدید علالت کے بعد ۳ / ۴ دسمبر ۱۹۸۱ء کی درمیانی شب قریباً ۸½ بجے مولائے حقیقی سے جا ملیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

حضرت سیدہ مرحومہ حضرت حجۃ اللہ نواب محمد علی خان صاحب اور حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی لخت جگر تھیں۔ سیدنا حضرت اقدس کی نواسی ہونے کے علاوہ آپ قدرت ثانیہ کے تیسرے مظہر سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی حرم محترم تھیں۔ حضور انور کی حرم محترم ہونے کے ناطے آپ کو عالمگیر سطح پر اہم دینی خدمات بجا لانے کی سعادت ملی آپ کو قریباً ۶۵ بیرونی ممالک کے دوروں میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی رفاقت کا شرف حاصل ہوا۔ آپ نے دنیا بھر میں پھیلی ہوئی احمدی مستورات کی تعلیم و تربیت میں کلیدی کردار ادا کرنے کی توفیق پائی۔

حضرت سیدہ مرحومہ کو ایک عظیم منفرد اور تاریخ ساز خصوصیت یہ حاصل ہے کہ ارض سپین میں ۷½ سو سال بعد تعمیر ہونے والی پہلی مسجد کی بنیاد میں دنیا بھر کی احمدی مستورات کی نمائندگی کرتے ہوئے حضور انور کے فوراً

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

ہمارا جلسہ سالانہ عام جلسوں کی طرح نہیں

احباب اس جلسہ پر اپنی زندگیوں میں ایک روحانی انقلاب بپا کرنے کیلئے یہاں آتے ہیں

حتی الوسع کوشش کریں کہ جو ذمہ داریاں یہ جلسہ ہم پر عائد کرتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں ان کو کما حقہ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے

اللہ تعالیٰ فضل کرے کہ یہ جلسہ اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آئے خیریت سے گزرے آنے والے خیریت سے آئیں اور خیریت سے واپس جائیں

از سیدنا حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۱۶ نبوت ۱۳۵۸ ہش بمطابق ۱۶ نومبر ۱۹۷۹ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:-

..... "باہر سے جو دوست تشریف لاتے ہیں جلسہ کے موقع پر مرکز سلسلہ میں آج میں انہیں یہ نصیحت کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کئی گروہوں میں تقسیم ہو جاتے ہیں بعض پہلوؤں کے لحاظ سے۔ کچھ تو وہ ہیں جو نئے نئے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہوئے ہیں اور پورے طور پر تربیت یافتہ نہیں۔ تربیت پر وقت لگتا ہے اپنے وقت پر وہ بھی۔ (اللہ سے ہم امید رکھتے ہیں) تربیت یافتہ مخلصین کی صفوں میں شامل ہو جائینگے۔ کچھ نئی پود ہے جو بچپنے سے نکل کر شعور یا نیم شعور میں داخل ہوتی ہے۔ انہیں بھی روایات سلسلہ اور روایاتِ جلسہ کا زیادہ علم نہیں۔ پھر وہ ہیں جو بڑی عمر کے ہیں۔ پرانے احمدی۔ بہت سے جلسے انہوں نے سنے۔ بہت سے جلسوں کی ذمہ داریاں انہوں نے ادا کیں۔ بہت سے جلسوں میں دعائیں کرنے کی انہیں توفیق ملی اور اللہ تعالیٰ نے ان کی بہت سی دعاؤں کو قبول کیا اور اپنے زندہ ہونے کا اور قادر ہونے کا اور

غالبٌ علیٰ امرہٖ

ہونے کا ثبوت بہم پہنچایا۔ ان کے اوپر یہ ذمہ داری ہے کہ جو ان سے تعلق رکھنے والے ایسے احمدی ہیں جن کے کانوں میں سلسلہ عالیہ احمدیہ اور جلسہ سالانہ کے موقع کی جماعت کی جو روایات ہیں وہ پڑنی چاہئیں وہ ان کے کانوں میں ڈالیں۔ بار بار ڈالیں۔ بچوں کو کہیں شور نہیں کرنا۔ آوازے نہیں کسنے۔ میری ہوش میں صرف ایک جلسہ کے موقع پر میرے کان میں اونچی آواز (جس کو آوازہ کسنا کہتے ہیں) پڑی۔ اسی وقت میں نے توجہ دلائی اور خاموشی ہو گئی۔ یہاں جو آتے ہیں وہ قربانی دے کر آرہے ہوتے ہیں۔ وہ دنیا کا کچھ کھو کر اللہ سے بہت کچھ حاصل کرنے کے لئے یہاں آتے ہیں۔ بھول ہو جاتی ہے۔ غفلت ہو جاتی ہے۔ نئے ہیں انہیں پتہ نہیں۔ جب گھر سے چلیں۔ ان کو بتائیں کہ ربوہ جلسہ پر جا رہے ہیں۔ شور نہیں کرنا۔ جو راستے مقرر ہیں انہی راستوں پر چلنا ہے۔ نظریں نیچی رکھنی ہیں۔ زبانوں سے شہد ٹپکنا ہے چہروں پر غصہ نہیں آنا۔

خدا تعالیٰ کے حضور

عاجزی سے ہر وقت جھکے رہنا ہے۔ اللہ تعالیٰ پر کامل توکل رکھنے کا سبق سیکھنا ہے ایسا سبق جو زندگی میں پھر کبھی بھلایا نہ جائے۔ حضرت (اقدس) ..... نے جو خواہشات جماعت کے ساتھ وابستہ کیں۔ ان خواہشات کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالنا۔ اپنی زندگیوں کو گزارنا ہے۔ ان کے کانوں میں ڈالیں کہ

یہ جلسہ میلہ نہیں

نہ عام جلسوں کی طرح ایک جلسہ ہے۔ محض خدا کے لئے گھروں کو چھوڑنے والے گھروں کو چھوڑتے اور یہاں آجاتے ہیں۔ محض خدا کی خاطر بہت سے غریب سارا سال پیسہ بچاتے رہتے ہیں تاکہ جلسہ میں شمولیت اختیار کریں۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزا دے اور اس کی توفیق دے کہ یہاں آکر وہ جھولیاں اتنی بھر لیں۔ اتنی بھر لیں کہ پھر ان کی جھولیوں میں مزید کی گنجائش نہ رہے۔ پھر اللہ تعالیٰ ان کی گنجائش میں بھی وسعت پیدا کرے اور انعامات بھی جلسہ پر آنے والے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت کے متعلق جو قرآن عظیم کے بیان میں وہ سننے کے لئے آتے ہیں وہ

خدا تعالیٰ کی معرفت

حاصل کرنے کے لئے آتے ہیں۔ وہ خدا تعالیٰ پر کامل یقین پیدا کرنے کے لئے اور اس یقین میں پختگی پیدا کرنے کے لئے یہاں آتے ہیں۔ وہ ایک روحانی انقلاب عظیم اپنی زندگیوں میں بپا کرنے کے لئے یہاں آتے ہیں اور بہت ہیں جن کی زندگیوں میں ایک ایسا انقلاب بپا ہو جاتا ہے کہ دنیا دار نگاہ دیکھتی اور حیران ہوتی ہے اور سمجھ نہیں پاتی کہ ہو کیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گیا۔ کہاں کے تربیت یافتہ ہیں یہ لوگ۔ یہ باتیں اپنے بچوں کے۔ اپنی عورتوں کے کانوں میں ڈالیں۔ مردوں کی طرح عورتیں بھی بڑی مخلص ہیں۔ پھر بچیاں بھی ہیں۔ ناصرات سے تعلق رکھنے والی بھی ہیں۔ نئی نئی احمدی ہونے والی بھی۔ اسی سال کے دوران بہت سے مرد و زن، اللہ تعالیٰ کے فضل سے خوابیں دیکھنے کی بناء پر احمدیت کو قبول کرنے والے بھی ہیں۔ ان کو صداقت آسمان پہ نظر آئی۔ انھوں نے قبول کرلیا۔ اس صداقت کے نتیجہ میں جو زمین پر ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہ ان کے سامنے آئیں گی۔ انہیں سمجھنا چاہیئے۔ ساری دنیا کے خادم بنا کر ہمیں اکٹھا کر دیا۔ بنیان مرصوص کی طرح کہ ایک دوسرے میں کوئی فرق نہیں رہا اور سب کے لئے دعائیں کرنے والا بنا دیا ہمیں۔ تو ان چیزوں کو ذہن میں حاضر رکھ کر یہاں آئیں

دوسرے جلسہ پر آنے والوں میں پاکستان کے مختلف علاقوں سے آنے والوں میں بھی اور بیرونی ممالک سے آنے والوں میں بھی ایسے بھی ہیں جو احمدی نہیں۔ جلسے پر آتے ہیں دوستوں کے ساتھ۔ بہت کچھ انہوں نے سنا ہوتا ہے۔ وہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ جو انھوں نے سنا جماعت کے خلاف وہ درست بھی ہے یا نہیں۔ ان کو بھی آپ سمجھائیں کہ جس جگہ آپ جا رہے ہیں۔ اس کی فضا، اس کا ماحول، اس کی روایات ہر شخص سے جو یہاں آتا ہے۔ کچھ مطالبہ کرتی ہیں۔ اس

مطالبے کو آپ پورا کریں

بہت سی باتیں تو یہاں کا ماحول خود ہی سمجھا دیتا ہے اور مطالبہ اپنا خود ہی پورا کروا لیتا ہے لیکن جو ہمارا فرض ہے وہ ہمیں ادا کرنا چاہیئے۔

جو غیر ممالک سے آنے والے ہیں وہ دو گروہ ہیں۔ ایک وہ جو نمایاں ہو کے پچھلے سالوں میں ہمارے سامنے آتا رہا اور ایک وہ جو نظر انداز ہو گیا۔ جو نمایاں ہو کے ہمارے سامنے آیا وہ وفود ہیں۔ وفود کی شکل میں امریکہ سے پچھلے سال ہی اٹھائیس ۲۸ مرد و زن آئے۔ یورپ سے آتے ہیں۔ ناروے۔ سویڈن۔ ڈنمارک (کبھی کم کبھی زیادہ) جرمنی سے بھی اور سوئٹزرلینڈ سے آتے ہیں۔ انگلستان سے بھی شاید وفد کی صورت میں بعض آتے ہیں۔

ایک تو وفد کی صورت میں آتے ہیں۔ ان کی رہائش کا انتظام بھی جماعت کرتی ہے۔ کچھ تو رہائش گاہیں بن گئیں۔ وسیع بن گئیں۔ بہت سے کمروں پر مشتمل بن گئیں۔ جب بنی تھیں۔ بڑی نظر آتی تھیں۔ جب بن چکیں تو مکین زیادہ ہو گئے اور گنجائش کم ہو گئی۔ جو باہر سے وفود آتے ہیں وہاں کی جماعت کو وہاں کے نظام کو۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ کوشش کریں کہ اکثریت ان وفود میں نئے آنیوالوں کی ہو کچھ فی صد پرانوں میں سے بھی ہوں وہ ان کو بتائیں گے۔ بہت سی باتیں اور فائدہ ہوگا اس کا۔ لیکن اکثریت جو ہے وہ نئے آنے والوں کی ہو تاکہ زیادہ سے زیادہ

بیرون ممالک سے بسنے والے

احمدیوں کا ذاتی تعلق مشاہدہ کر کے، سن کے، فضا کو سونگھ کے مرکز سلسلہ سے اور جماعتی نظام کے ساتھ ہو جائے۔ جب شروع میں میں نے تحریک کی کہ وفود آئیں تو انڈونیشیا سے پہلے سال میرے خیال میں کوئی بھی نہیں آیا یا بہت کم نہ ہونے کے برابر لیکن پچھلے سال ان کی تعداد بھی غالباً بیس سے زیادہ ہو گئی۔ حالانکہ پچھلے سال جب وہ سفر کی تیاری کر چکے تھے اور رقم انھوں نے کرائے کی جمع کر لی تھی۔ یکدم کرائے بڑھ گئے اور بعض کو ایسا کرنا پڑا کہ بیوی آ گئی یا میاں آ گیا۔ کیونکہ ہر دو کے کرایہ کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے تھے لیکن پھر بھی کافی تعداد میں آ گئے۔ پس جماعتوں کا فرض ہے کہ وہ خیال رکھیں کہ اکثریت نئے آنے والوں کی ہو۔ لیکن باہر کے مختلف ممالک سے آنے والے وہ دوست بھی ہیں جو نظر انداز ہوتے رہے۔ اس سال نہیں ہونے چاہئیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے رشتہ دار عزیز یہاں ہیں۔ بعض کے گھر یہاں ہیں۔ بعض نے اپنے بیوی بچے یہاں چھوڑے ہوئے ہیں وہ آ گئے اور ایام جلسہ میں جو ایک مخصوص فضا، ایک وسعت، ایک فراخی، ایک رفعت، ایک ہجوم ہے، اس کے اندر شامل ہوئے اور غائب ہو گئے جس طرح سمندر میں قطرہ غائب ہو جاتا ہے۔

انگلستان سے ہی بیسیوں ایسے احمدی آتے ہیں جن کا اندراج کہیں نہیں ہوتا کہ وہ جلسے کے لئے انگلستان سے یہاں آئے۔ امریکہ کے اور دوسرے ممالک کے دوست اپنے طور پر آتے ہیں۔ ان کی رہائش کا اپنا انتظام ہوتا ہے۔ ویسے تو لنگر چلتا ہی حضرت (اقدس) ..... کا ہے۔ ہمارے لئے تو سارا سال ہی چلتا ہے وہ لیکن جو اپنے پیسے خرچ کر کے جلسے کے دنوں میں اپنے گھر میں بھی کھانا پکاتے ہیں وہ بھی حضرت (اقدس) ..... کے لنگر کا ایک حصہ ہی بن جاتا ہے

برکات کے حصول کے لئے

اس طور پر کہ وہ کبھی اپنے گھر ٹھہرے ہوئے مہمانوں کے لئے کھانا منگوا لیتے ہیں لنگر سے۔ کبھی آپ پکا کے کھلا دیتے ہیں۔ جو بیوی بچوں کے پاس آیا ہے۔ یہاں اس کا بھی یہی حال ہوتا ہے کبھی لنگر کا کھایا۔ کبھی گھر کا کھایا۔ گھر بھی میں نے بتایا کہ ..... (حضرت اقدس) کے لنگر کا ہی حصہ ہے۔ یہ بات اس سے واضح ہوئی۔ ایک دفعہ کہ جب کسی وجہ سے روٹی تھڑ گئی اور صبح کی نماز کے لئے میں مسجد جا رہا تھا کہ مجھے رپورٹ ملی کہ روٹی تھڑ گئی ہے وقت کے اندر ہم کھانا نہیں کھلا سکتے۔ اس واسطے آپ اعلان کر دیں۔ میں نے اعلان کیا کہ آج اس وقت سارے دوست ہی ایک روٹی کھائیں گے چاہے وہ گھروں میں پکی ہوئی ہو۔ چاہے وہ لنگر خانے کے تندوروں میں پکی ہو تو لنگر کا حصہ بن گئے نا گھر اور میں نے کہا جو گھروں میں زائد پکی ہوئی ہے وہ لنگر میں پہنچا دو۔ انھوں نے پہنچا دی اور بیسیوں شاید سینکڑوں گھرانے ایسے تھے کہ جنہوں نے یہ آواز سننے کے بعد جتنا آٹا انہوں نے گوندھا ہوا تھا اس سے زیادہ گوندھ لیا لنگر کو پہنچانے کے لئے۔ پھر اخلاص ہے ضرورت کے مطابق ابھرتا ہے

خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے

آدمی ہر چیز پیش کرنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ مجھے سینکڑوں ایسے آدمیوں کا علم ہے جنہوں نے کہا۔ اچھا ایک روٹی کھانی ہے تو اب جب کمی نہ رہے گی اس وقت بھی ایک ہی کھائیں گے۔ سارا جلسہ وہ ایک ہی روٹی پر گزارا کرتے رہے۔ فرق کوئی نہیں پڑتا جو دوست باہر سے آئے پیسے خرچ کر کے آئے۔ عزیز رشتہ دار بیوی بچے یہاں ہیں یہ تو درست ہے لیکن ہر احمدی جو جلسہ سالانہ کے ایام میں آتا ہے اس کی راہ میں بہت سی دقتیں بھی ہیں۔ مثلاً انگلستان میں ہمارے بعض احمدی ہوائی کمپنیوں میں ملازم ہیں وہ مانگتے ہیں چھٹی تو کمپنی کہتی ہے کہ ہمارے تو کرسمس کے دن ہیں۔ عیسائیوں کی تہوار ہمارے عیسائی کارکن چھٹی پر جا رہے ہیں تمہیں کیسے فارغ کر دیں ان کو تگ و دو، منت سماجت کرنی پڑتی ہے چھٹی لینے کے لئے۔ وہ یہاں آ کر تو مجمع میں مل گئے۔ ایک قطرہ سمندر میں جا شامل ہوا لیکن ہیں تو جلسے کے مہمان۔ اس کا ریکارڈ رکھا جانا چاہیئے۔ یہ ریکارڈ جو ہے وہ کسی نمائش کے لئے نہیں۔ یہ ریکارڈ ہے آنے والی نسلوں کو حقائق بتانے کے لئے ورنہ آنے والی نسلیں کہیں گی کہ عجیب تھے ہمارے بزرگ۔ ہمیں بتایا ہی نہیں کہ اس قسم کے لوگ کتنے غیر ممالک سے آئے اور

جلسے میں شامل ہوئے۔ بڑے دلچسپ ان کے لئے ہوں گے یہ اعداد و شمار۔ یہ گوشوارے اُن کو دینی اسباق دینے والے۔ جذبۂ قربانی پیدا کرنے والے ہیں۔ ان کے مربّی اُن کو جب یہ باتیں بتائیں گے تو اگر انھوں نے محض وفود کی باتیں جو رہائش گاہوں میں ٹھہرنے والے ہیں سامنے رکھیں تو جو دوسرے ہیں اور جو شاید ان سے پانچ گنے شاید دس گنے شاید بیس گنے زیادہ ہوں اور ان کو بالکل نظر انداز کیا گیا ہے لیکن اس کی ذمہ داری صرف ہماری ہی نہیں ہے کہ نظر انداز کر دیا گیا۔ اس کی ذمہ داری باہر سے آنے والوں پر ہے۔ انہوں نے کوتاہی کی ہے کہ وہ اطلاع نہیں دیتے اس لئے میں باہر سے آنے والوں کو کہتا ہوں کہ آپ "جلسہ سالانہ" کے دفتر کو تحریری اطلاع دیں گے اس سال کہ ہم فلاں ملک سے جلسے پر آئے ہیں اور کوئی ایک باقی نہ رہے جس نے اطلاع نہ دی ہو.....

اللہ تعالیٰ فضل کرے

جلسہ سالانہ اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آئے اور ہر خیر کے ساتھ وہ گزرے اور آنے والے خیریت سے یہاں آئیں۔ خیریت سے گھروں کو واپس پہنچیں۔ یہاں بسنے والے ان کی خدمت کی توفیق پائیں اور کائنات سے خدمت لینے کی قوت و استعداد اپنے اندر پیدا کریں اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے فضلوں کو پہلے سے زیادہ حاصل کرنے والے ہوں اور خدا، خدا کا پیار، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت انہیں مل جائے اس طور پر کہ دل پھر کبھی ان دونوں محبتوں سے خالی نہ ہوں۔ آمین!"

("الفضل" ۲۳ر دسمبر ۷۹ء)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہمارا جلسہ سالانہ

مخلصین ربوہ کیلئے خدمت کا انمول موقعہ

ہمارے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ سالانہ کے انتظامات اور رضا کارانہ خدمت کے سلسلہ میں فرماتے ہیں:۔

"اس خدمت کو معمولی مت سمجھو۔ بڑی برکتوں والی ہے۔ یہ خدمت! ان چند دنوں کو خدا کے لیے ۲۴ گھنٹے اگر آپ وقف کر دیں تو آپ اس سے مر نہیں جاتے۔ نہ ایسے کمزور ہو جاتے ہیں کہ ہمیشہ کے لیے بیمار ہو جائیں۔ کوئی مستقل بیماری یا نقص آپ کے اندر پیدا نہیں ہوتا۔ تھوڑی سی تکلیف ہی ہے۔ جو آپ نے برداشت کرنی ہے، لیکن اس کے نتیجہ میں اس قدر رحمتیں ہیں۔ جن کا آپ نے وارث بننا ہے۔ کہ آپ کا دماغ یا کسی اور انسان کا دماغ تصور ہی نہیں کر سکتا۔"

پس ہمارے وہ بچے یا ہمارے وہ بھائی جو اس خدمت کی برکات اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی رحمتوں کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ انہیں میں متوجہ کرتا ہوں کہ وہ ۲۴ گھنٹے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے مہمانوں کی خدمت میں گذار کر اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتوں اور اس کے ان گنت فضلوں کے وارث بننے کی کوشش کریں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو سمجھ اور توفیق دے اور ہمیں بھی اپنی ذمہ داریوں کے نبھانے کی وہ خود توفیق دیتا چلا جائے کیونکہ اس کی توفیق کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔" (الفضل ۸ر جون ۱۹۶۸ء)

(افسر جلسہ سالانہ)

ربوہ کے ماحول کو پاک صاف رکھیں

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام قریب تر آ رہے ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی کے مطابق ربوہ کے ماحول کو ہر لحاظ سے پاک رکھنا ہمارا اہم فریضہ ہے۔

اس سلسلہ میں تمام منتظمین اطفال ربوہ سے گذارش ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقہ جات میں زیادہ سے زیادہ وقار عمل منائیں اور ربوہ کے ماحول کو پاک و صاف رکھیں۔

(سیکرٹری وقار عمل مجلس اطفال الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

لجنہ اماء اللہ ہالینڈ کا سالانہ اجتماع

لجنہ ہالینڈ کے زیر اہتمام پندرھویں صدی ہجری کا پہلا سالانہ اجتماع بتاریخ ۲۰ر ستمبر ۱۹۸۱ء بروز اتوار محترمہ صدر صاحبہ لجنہ مسز عطیہ شمس صاحبہ کی زیر صدارت مشن ہاؤس کے میٹنگ ہال میں منعقد ہوا۔ کارروائی کا آغاز مسز جمن بخش صاحبہ نے تلاوت قرآن مجید سے کیا۔ بعد ازاں مسز شمیم شاہد صاحبہ نے منظوم کلام لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خوش الحانی سے پڑھا۔ عہد دوہرانے کے بعد محترم مرزا عبدالحلیم صاحب اکمل انچارج ہالینڈ مشن نے اپنے افتتاحی خطاب میں قرون اولیٰ کی مسلمان عورتوں کی عظیم قربانیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لجنہ کی ممبرات کو اس طرف توجہ دلائی کہ وہ ان کے نقش قدم پر چل کر خدمت دین کے لئے عظیم کام کر سکتی ہیں۔ بعدہٗ محترمہ صدر صاحبہ نے حضرت سیدہ صدر صاحبہ لجنہ مرکزیہ کا خصوصی پیغام پڑھ کر سنایا کہ:۔

"خدا تعالیٰ آپ کی کوششوں کو بار آور کرے اور اس اجتماع کو ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب کرے اور کامیابی سے نوازے۔"

بعد ازاں انعامی مقابلے شروع ہوئے۔ مقابلہ حسن قرأت میں مکرمہ سفینہ عزیز صاحبہ، مسز نصرت ظفر، امۃ الحفیظ جمن بخش، مسز بشریٰ حمید صاحبہ نے منصفین کے متفقہ فیصلہ کے مطابق بالترتیب اول، دوم و سوم پوزیشن حاصل کی۔

ڈچ تقریری مقابلہ میں مسز روبینہ فہیم، مس عالیہ ظفر اول و دوم اور مسز رشیدہ ڈیزل اوکن خصوصی انعام کی حقدار قرار پائیں۔

تقریری اردو مقابلہ میں مسز شمیم شاہد، مسز سفینہ عزیز، رمیشہ منظور نے بالترتیب اول۔ دوم۔ سوم انعام حاصل کیا۔ مقابلہ نظم خوانی میں مسز شمیم شاہد اور مسز طلعت لیق نے انعام حاصل کئے۔

مقابلہ عام دینی معلومات کے لئے ڈچ اور اردو زبان میں سوالات تیار کئے گئے۔ پاکستانی ممبرات میں سے مسز مومنہ بشیر صاحبہ اور ڈچ ممبرات میں سے مسز روبینہ فہیم اول قرار پائیں۔

میوزیکل چیئرز کا مقابلہ بھی بہت دلچسپ رہا۔ اول انعام مسز منصورہ نے حاصل کیا۔

وقفہ کے بعد اجلاس دوم میں بچوں کا خصوصی پروگرام سیکرٹری ناصرات مکرمہ مسز جمن بخش صاحبہ کی زیر نگرانی پیش کیا گیا۔ تین سے گیارہ سال کے ۱۲ بچوں نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔ بچوں سے کلمہ طیبہ۔ کلمہ شہادت۔ سورۃ فاتحہ۔ درثمین کی نظم ع

"کبھی نصرت نہیں ملتی درِ مولیٰ سے گندوں کو"

نیز اللہ تعالیٰ کے پچاس نام۔ سورہ اخلاص اور معوذتین سنی گئیں۔ کارروائی کے دوران بچوں کی مستقل مزاجی اور توجہ قابل ستائش تھی۔

تقسیم انعامات:

تقسیم انعامات کی کارروائی مسز عطیہ شمس صاحبہ کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ لجنہ ہالینڈ کے ششماہی امتحان کے معیار اول میں سے مسز عطیہ شمس صاحبہ، فریدہ طاہر اور امۃ الحفیظ جمن صاحبہ کو بالترتیب اول۔ دوم و سوم انعام دیئے گئے، اور معیار دوم میں سے رشید منظور کو اول انعام اور مسز زاہدہ خلیفہ کو دوم انعام دیا گیا۔

دوران سال ۴ بچوں کو قرآن کریم ختم کرنے پر انعامات تقسیم کئے گئے۔ کم عمر لجنات میں سے عالیہ ظفر کو خصوصی تعاون کے سلسلہ میں انعام دیا گیا۔

بعد ازاں صدر لجنہ مکرمہ مسز عطیہ شمس صاحبہ نے اپنے اختتامی خطاب میں اس طرف توجہ دلائی کہ اپنے آپ کو احمدیت سے منسوب کرتے ہوئے دین حق کے غلبہ کی جو اہم ذمہ داری خدا تعالیٰ کی طرف سے ہمارے کندھوں پر ڈالی گئی ہے اس کو حاصل کرنے کے لئے عظیم قربانیوں کی ضرورت ہے جو کہ جماعت کے ہر فرد مرد و عورت کو اپنی اپنی عمر اور استعداد کے مطابق دینا ہوگی اس امر کی وضاحت سورۃ آل عمران: ۱۹۶ اور سورۃ النحل: ۹۸ سے کی نیز بچوں کی تربیت کے سلسلہ میں بھی خاص توجہ دلائی کہ اپنے نیک نمونہ سے بچوں کو احمدیت کا سچا خادم بنایا جائے۔ بعدہٗ صدر صاحبہ نے دعا کروائی۔

اس طرح لجنہ ہالینڈ کا پہلا سالانہ اجتماع بہنوں کے بھرپور تعاون۔ صدر صاحبہ کی کوششوں اور محترم اکمل صاحب اور شمس صاحب کی حوصلہ افزائی سے انتہائی کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔

مرسلہ

سفینہ عزیز جنرل سیکرٹری لجنہ ہالینڈ

"جو خدا کے لیے ہوتا ہے خدا اس کا ہو جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ اپنی طرف آنے والے کی سعی اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا۔"

(ملفوظات جلد اول صفحہ ۱۴۴)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جلسہ سالانہ پر آنے والے دوستوں کیلئے ہدایات

خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ جلسہ سالانہ کے ایام قریب سے قریب تر آتے جا رہے ہیں۔ جلسہ میں شمولیت کے لیے جہاں ہزاروں ہزار افراد جماعت آتے ہیں وہاں بعض شرپسند اور ناپسندیدہ افراد کے آنے کا بھی احتمال ہوتا ہے۔

احباب جماعت کو اپنے فائدہ کے لیے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے:۔

- جملہ جماعتوں کے احباب کوشش کر کے اکٹھے سفر کریں تا سفر میں سہولت رہے اور جماعت کے ساتھ جو برکت ہوتی ہے اس سے بھی مستفیض ہوں۔
- اپنے ہمراہ صرف وہی سامان لائیں جو موسم کے لحاظ سے ضروری ہو۔ غیر ضروری سامان، کپڑے یا زیور نہ لائیں۔
- اپنے جملہ سامان پر نام اور مکمل پتہ (جہاں سے روانہ ہوں اور جہاں ٹھہرنا ہو) کے لیبل گوند یا لئی سے چسپاں کریں۔
- گاڑی پر چڑھتے یا اترتے وقت عجلت سے کام نہ لیں۔ مکمل حوصلہ۔ صبر اور سکون سے اپنا سامان گاڑی میں رکھیں نیز یہ بھی خیال رہے کہ راستہ میں بھی اپنے سامان سے غفلت نہ کریں۔
- بچوں کو زیور نہ پہنائیں بلکہ مصنوعی زیورات کے استعمال سے بھی اجتناب کریں۔
- اپنے بچوں کی جملہ وقت نگہداشت رکھیں اور چھوٹے بچوں کو گم ہونے سے بچانے کیلئے بچہ کا نام مع ولدیت اور پورا پتہ لکھکر یا تو بچہ کی جیب میں ڈالدیں یا اس کے بازو پر باندھ دیں۔
- آپ جب ریلوے اسٹیشن یا بس کے اڈہ پر گاڑی سے اتریں تو اپنا سامان قلی کے حوالہ کرنے سے پہلے قلی کا نمبر دیکھ لیں اور کسی ایسے قلی کو سامان نہ دیں جس کے پاس نمبر نہ ہو۔ اپنے سامان کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنے کے بعد اسٹیشن یا اڈہ سے روانہ ہوں اور راستہ میں بھی قلی پر نگاہ رکھیں۔ اگر کسی قسم کی کوئی دقت پیش آئے تو فوراً استقبال کے عملہ کو اطلاع دیں۔
- جہاں آپ کا قیام ہو جلسہ میں جانے سے پہلے اپنے سامان کی حفاظت کا مکمل بندوبست کر کے جائیں۔ نیز قیامگاہوں کے منتظمین کو بھی اپنی آمد و رفت سے باخبر رکھیں۔
- ہجوم میں جلد بازی عام طور پر نقصان کا باعث ہوتی ہے اسی وجہ سے جلسہ گاہ سے نکلتے وقت اسٹیشن نیز بسوں کے اڈہ یا جہاں کہیں بھیڑ ہو پوری تسلی۔ اطمینان اور وقار سے کام لیں۔ ایسے موقع پر جیب کتروں سے ہوشیار رہیں۔
- اپنی جیبوں سے تمام روپے عام لوگوں کے سامنے نہ نکالیں۔ نہ اپنے بٹوے کو ایسی جگہ پر لاپرواہی سے کھولیں جہاں تمام نگاہیں آپ کے بٹوے کا جائزہ لے سکیں۔
- مستورات کو چاہیئے کہ سفر و حضر میں پردہ کا خاص طور پر اہتمام کریں۔
- دوران قیام ربوہ پہاڑوں پر چڑھنے سے اجتناب کریں۔ کیونکہ اس سے حادثہ کا امکان ہو سکتا ہے۔
- اگر کوئی شخص بدمزاجی سے پیش آئے یا کوئی لڑائی جھگڑا کرے تو آپ اس سے احتراز کریں یا بالموعظۃ الحسنہ کے مطابق اسے حکمت و دانائی سے باز رکھنے کی کوشش کریں اور نرمی اور محبت سے اسے سمجھائیں۔
- سفر کے دوران متواتر استغفار، درود شریف اور مسنون دعائیں پڑھتے رہیں۔ جلسہ کی کامیابی۔ پاکستان کے استحکام اور اسلام کی ترقی کے لیے خاص طور پر دعائیں کریں۔
- جلسہ کے منتظمین سے تعاون کا خاص خیال رکھیں جو آپ کی سہولت اور آرام کے لیے شب و روز کوشاں ہوں گے۔
- جلسہ کے اوقات میں اپنا وقت جلسہ گاہ میں گزاریں۔ تقاریر کے دوران بازار اور دکانوں میں نہ بیٹھیں۔
- امور عامہ کا دفتر جلسہ کے دوران بھی کھلا رہتا ہے اس لیے دوست ضرورت کے وقت دفتر تشریف لا سکتے ہیں۔
- کوئی دوست اپنے ہمراہ اپنا اسلحہ نہ لاویں۔

(ناظر امور عامہ)

"ہزاروں درود اور سلام اور رحمتیں اور برکتیں اس پاک نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں جس کے ذریعہ سے ہم نے وہ زندہ خدا پایا۔"
(نسیم دعوت ص۱)

ہمیشہ خیال رکھیں

جلسہ سالانہ پر آنا تمام احباب کے لیے خیر و برکت کا موجب ہو۔ جلسہ کے دوران حسب ذیل امور کا خاص خیال رکھیں۔

۱۔ نمازوں کے اوقات میں اپنی گھڑی۔ بٹوے اور جوتوں کی حفاظت کریں۔
۲۔ وضو کرتے وقت کوٹ یا کمبل وغیرہ اتار کر کسی محفوظ جگہ رکھیں یا کسی کے سپرد کریں۔
۳۔ اپنے کمسن بچے کا نام مع ولدیت اور ربوہ میں رہائش کا مکمل پتہ لکھ کر اس کی جیب میں ڈالے رکھیں۔ ایسا جیبی کارڈ دفتر سے حاصل کریں۔
۴۔ کسی چھوٹی یا بڑی چیز کے گم ہو جانے یا ملنے پر فوراً دفتر معلومات میں رپورٹ درج کرائیں۔
۵۔ خاص طور پر خیال رکھیں کہ کوئی گمشدہ بچہ نظر آنے پر اسے یونہی نہ چھوڑیں بلکہ فوری طور پر دفتر معلومات میں پہنچا دیں۔ اسی طرح کسی بچہ کے لاپتہ ہونے پر فوراً اطلاع دیں۔

نوٹ:۔ دفتر معلومات خلافت لائبریری کے نزدیک انشاء اللہ ۲۲ر دسمبر سے باقاعدہ کام شروع کر دیگا اور آپ کی خدمت کے لیے دن رات کھلا رہے گا۔

(ناظم معلومات، فوری امداد و گمشدہ اشیاء)

دفتر معلومات
فوری امداد و گمشدہ اشیاء

جلسہ سالانہ کے دوران بعض اوقات کئی چیزیں گم ہو جاتی ہیں یا تبدیل ہو جاتی ہیں۔ ایسی صورت میں دفتر معلومات سے رجوع کریں جو آپ کی خدمت کے لیے انشاء اللہ ۲۲ر دسمبر سے باقاعدہ دن رات کھلا رہے گا۔

- اگر آپ کو کسی جگہ کوئی بظاہر گمشدہ بچہ نظر آئے تو اس کو اس کے حال پر نہ چھوڑیں بلکہ اس کے عزیزوں کو دریافت کرنے کی کوشش کریں یا فوری طور پر دفتر معلومات میں بچہ کو پہنچا دیں۔
- اپنے بچہ کی جیب میں ایسا کارڈ ڈالے رکھیں جس پر بچے کا نام۔ ولدیت اور ربوہ میں رہائش کا پتہ درج ہو۔
- بچوں کے لیے ایسے کوائف پر مشتمل جیبی شناختی کارڈ دفتر معلومات سے حاصل کریں۔
- بچوں کے علاوہ دیگر قیمتی اشیاء کی خود حفاظت کریں۔ خدانخواستہ کوئی چیز گم ہو جائے تو فوراً دفتر معلومات میں رپورٹ درج کرائیں۔
- بچوں کو قیمتی اشیاء یا زیور وغیرہ دینے سے پرہیز کریں اور اپنی آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دیں۔

ناظم معلومات - فوری امداد و گمشدہ اشیاء

اہالیانِ ربوہ توجہ فرمائیں

"ربوہ میں ایک مہمان کو اگر ایک کانٹا بھی چبھ جائے تو ہمارے لئے دکھ اور شرم کی بات ہوگی"

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کی روشنی میں آپ سے التماس ہے کہ!

- اپنے اپنے گھروں اور ان کے ماحول کو صاف ستھرا رکھیں۔
- گلیوں اور راستوں پر کوڑا کرکٹ پھینکنے کی بجائے مناسب جگہ پر گڑھا کھود کر دبا دیں۔
- گھروں کے سامنے کی نالیوں کی صفائی کی جائے۔ اور گندے پانی کے نکاس کا انتظام کیا جائے۔
- خودرو اور فالتو جھاڑیاں اور ان کی زائد شاخوں کی کانٹ چھانٹ کی جائے۔
- دکانوں، کھوکے والے اور ریڑھیوں والے اپنی دکانوں کے ساتھ ڈرم وغیرہ رکھیں تاکہ جو شخص کوئی چیز کھائے تو اس کا چھلکا سڑک پر نہ پھینکے۔
- راستوں، نالیوں، پلیوں اور گڑھوں وغیرہ کی صفائی، درستگی اور چھڑکاؤ کا باقاعدہ انتظام کیا جائے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات پر کماحقہ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے تا آپ کے ارشاد کے مطابق ربوہ فی الحقیقت ایک

"غریب دلہن"

کی طرح سج جائے۔

(مہتمم وقار عمل مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ضروری اطلاع

"الفضل" کے جو خریدار جلسہ سالانہ پر تشریف لائیں وہ اپنا خریداری نمبر ضرور ساتھ لیتے آویں۔ جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں دفتر "الفضل" پلیٹ فارم جلسہ گاہ کے قریب ہی ہوگا۔

(منیجر "الفضل" ربوہ)

کوٹھی برائے فروخت

ایک دو منزلہ کوٹھی واقع آفیسرز کالونی لاہور رقبہ ۲ کنال سوا چھ مرلہ۔ سوئی گیس۔ ٹیلیفون۔ پانی موجود ہے۔ پتہ ذیل پر رابطہ کریں:۔

محمد ضیاء الحق ۱۵۵-ج کیوری گراؤنڈ لاہور چھاؤنی

— فون: ۳۷۱۳۰۴ —

پیٹ کی تمام بیماریوں کیلئے:

ہاضمون (رجسٹرڈ)

و گھر میں ہر وقت رکھنے کا چورن:

نصرت دواخانہ ہاضمون

بالمقابل ایوان محمود۔ گول بازار ربوہ

خدمت کی راہوں پر رواں دواں

مشہور دواخانہ

گوجرانوالہ ——— ربوہ

کراچی میں جائیداد کی خرید و فروخت

اور

سندھ میں زرعی زمین کے حصول کیلئے

درج ذیل پتہ پر رابطہ قائم کیجئے

لینڈ مارکس

LAND MARKS.

۱/۱۰۳ کمرشل ایریا "بی" پوسٹ بکس نمبر ۱۴۳۶

ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی ۱۴

فون: ۵۴۰۸۳۴ - ۵۴۰۸۶۶

مسیح دجال اور یاجوج و ماجوج کا ظہور

(انعام یافتہ) از محمد اسد اللہ قریشی کاشمیری — قیمت ۱۲/-

تاریخ احمدیت جموں و کشمیر — ۱۰/-

بدر سوم کے خلاف جہاد — ۳/-

ربوہ کے کتب فروشوں کے علاوہ

مکان محلہ دارالعلوم شرقی ۲ ربوہ

سے

۱۵ فیصد کمیشن پر حاصل کریں

آنکھوں کی صحت اور خوبصورتی کا ضامن

نوری کاجل

قیمت فی شیشی:- دو روپے

آنکھوں کی ہر مرض کا شافی علاج

ہزارہا کا چالیس سال سے آزمودہ

سرمہ نوری

قیمت فی شیشی دو روپے

ربوہ کے ہر معیاری جنرل سٹور سے خرید فرمادیں

نوری دواخانہ ——— ربوہ

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات کی روشنی میں

طلباء کیلئے بہترین تحفہ

سویا لیسا تھین کیپسول

SOYA LECITHINE

۱۱۰۰ ملی گرام

CAPSULES — 1100 mg:

وٹامن ای (E) سے بھرپور

with vitamine "E."

درج ذیل پتہ پر حاصل کر سکتے ہیں:

ظہور انٹرنیشنل ٹریڈرز — پوسٹ بکس ۵۶۶۴ — کراچی

کامران شوز سٹور — باجوہ مارکیٹ — گولبازار۔ ربوہ

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴

آپ کو معلوم ہو کہ

ہمارے دواخانہ

میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز کا

نام اب

مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ)

ہو چکا ہے

زیر نگرانی

حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند

حضرت حکیم نظام جان

ربوہ فون نمبر ۶۳۸

خدمت کی راہوں پر رواں دواں

دیرینہ خادم

مشہور دواخانہ (سابق میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز)

چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ۱۹۰

۷۱۔ سویٹ ہوم لینڈ ماڈل کالونی کراچی ۲۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت رہائشی سکیم ملحقہ نیو سیٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا

"الحمرا پارک"

فون ۳۸۵۲

میں چند رہائشی پلاٹس موجود ہیں - احباب فائدہ اٹھائیں

"الحمرا اسٹیٹس" - ۶۹۹ اے سیٹلائیٹ ٹاؤن سرگودھا

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے

ہمدردانہ مشورہ اور قابلِ اعتماد اصولی علاج کے لئے

مطب ناصر دواخانہ - گول بازار ربوہ

فون ۵۲۴

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن

۲۶ نیو ٹمبر مارکیٹ راوی روڈ لاہور پر

(گورنمنٹ کنٹریکٹرز) تشریف لائیے

فون نمبر ۶۸۱۲۶ / ۵۳۴۲۰ ؛ رہائش ۶۲۹۳۰ ؛ فیکٹری رچنا ٹاؤن - ۷۱۰۳۶۲

احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم سے رابطہ پیدا کریں۔

سنی پارک میں پلاٹ بھی لیجئے اور کار بھی لیجئے

نیو کیپس سے دو کلومیٹر کے فاصلے پر سنی پارک میں ۶ ہزار روپے دیکر ۱۰ مرلہ پلاٹ کا قبضہ حاصل کریں بکنگ کے وقت کار کا انعامی کوپن ضرور حاصل کریں۔

آفس جمعہ کو بھی کھلا رہتا ہے

فون ۱۹۹۷۶

سنی پارک

گل ہاؤسنگ پروجیکٹ، کامران اپارٹمنٹس اچھرہ لاہور

PRIME

خدا کے فضل اور رحم کیساتھ

ھُوَ النَّاصِرُ

کراچی میں

معیاری سونا کے معیاری زیورات خریدنے اور بنوانے کے لئے تشریف لائیں

الرؤف جیولرز

۱۶ - خورشید کلاتھ مارکیٹ حیدری، شمالی ناظم آباد کراچی

فون: ۶۱۷۰۶۹

ہر قسم کا سامانِ سائنس واجبی نرخوں پر خریدنے کے لیے

الائیڈ سائنٹیفک سٹور

فون ۶۴۵۰۰

گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیں!

○ اعلیٰ کوالٹی کیسٹ بہترین ریکارڈنگ

ہم صرف اور صرف سلسلہ احمدیہ سے وابستہ تقاریر اور نظموں کی ریکارڈ کیسٹ پیش کرتے ہیں ریکارڈ کردہ کیسٹ کی مکمل ضمانت بھی دیتے ہیں لہٰذا جلسہ سالانہ کی کاروائی کیسٹ کی شکل میں

جلسہ سالانہ کے ایام میں

احمدیہ ریکارڈنگ سنٹر

گول بازار ربوہ سے طلب فرمائیں

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد اور مرض اٹھرا کی شکار دکھی عورتوں کے لئے

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام

ھُوَ الشَّافِی

دواخانہ حکیم نظام جان

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان - پوسٹ بکس ۲۲۲ • چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ - فون نمبر ۷۲۹۹۷

ربوہ کا پتہ: مکان نمبر ۳/۱۵ نزد ناصر کنڈر گارٹن سکول (دواخانہ حکیم نظام جان - ربوہ) دوائی اور مشورہ کیلئے یہاں تشریف لاویں!

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تالو کے لگائے جاتے ہیں۔ ٹیڑھے اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا یا درد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے۔

شریف ڈینٹل کلینک نزد مسجد اقصیٰ۔ ربوہ
نظر اور دھوپ کی عینکوں کیلئے نصیر آپٹیکل سروس فون نمبر ۵۴۳

سونے چاندی کے زیورات اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کے لیے
اور
خرید و فروخت کیلئے
نیز اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ کی انگوٹھیاں دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سندھی و نورتن کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز
پاک گولڈ سمتھ
میاں عبدالمنان ناصر ولد میاں عبدالسلام صاحب نزد جمال بیکری گولبازار
ربوہ فون ۵۵۰ ۔ فون رہائش ۵۴۹

ربوہ اور بیرون ربوہ رہائشی پلاٹس۔ مکانات، زرعی زمین خریدنے کے لیے
اچھی کارکردگی کا حامل
آپ کا چھ سالہ پرانا اور بے لوث ادارہ
بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز
فون نمبر ۵۰۰ کمیٹی مارکیٹ ربوہ فون گھر نمبر ۴۰۵

جلسہ کے ایام میں
دواخانہ حکیم نظام جان
ٹائم سینٹر (بالمقابل ایوانِ محمود) میں ہوگا
حکیم انوار احمد جان
چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ
فون ۷۳۹۹۷ پوسٹ بکس نمبر ۲۲۲

مُوجد پائلز کیور کی پیشکش
Respiratory System نظامِ تنفس
کی پرانی بیماریوں کے کامیاب نسخے جو دوسری ادویات کے ساتھ بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔
دمہ — Asthma Course Rs. 40/-
نزلہ حلق — Catarrh Cure Rs. 15/-
پرانا زکام — Cold Cure Rs. 15/-
مزمن کھانسی — Cough Cure Rs. 15/-
نیز ٹانسلز۔ ناک کی بندش۔ گلے کی سوزش و خراش وغیرہ کی کیورز (CURES) مارکیٹ سے ۱۵/- کی کیور۔ ڈاک پارسل سے ۵/- مزید۔
ہر اسٹیٹ لٹریچر مفت
رکیور ٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس گولبازار ربوہ۔ فون ۶۰۷/۶۰۶

بالوں کو جھڑنے سے روکنے کا مجرب ٹانک
چائنہ ہیئر ٹانک
دواخانہ المنار گولبازار ربوہ

چمپا کریم
چہرے کی خوبصورتی
مشہور دواخانہ گوجرانوالہ

مرگی کی دوائی: ایک ماہ -/۴۵ روپے
بوہڑ والی گولیاں: مکمل کورس -/۳۰ "
قاضی دواخانہ چک چٹھہ رجسٹرڈ حافظ آباد۔ گوجرانوالہ
جلسہ سالانہ کے موقع پر اقصیٰ روڈ ربوہ

حکومتِ پنجاب سے منظور شدہ
ساہیوال روڈ پر مسجد اقصیٰ سے چار فرلانگ مغرب کی جانب ربوہ میں اپنی طرز کی واحد ہاؤسنگ سکیم
کہکشاں ہاؤسنگ سکیم
بجلی کی فراہمی، پکی سڑکیں، پکی نالیاں



گورنمنٹ سے معاہدہ کے مطابق ڈیولپمنٹ شروع ہو رہی ہے ۴۰-۳۰-۲۵ فٹ کی کھلی سڑکیں۔ مجوزہ پلان۔ سیلاب سے محفوظ کیٹی حدود میں سب سے اونچی جگہ پر واقع ہے اپنی پسند کے مطابق گورنمنٹ سٹینڈرڈ سائز کے پلاٹس حاصل کریں (سائز)
۳ مرلہ - ۴۵×۲۲ ، ۵ مرلہ - ۵۰×۲۸ ، ۷ مرلہ - ۵۵×۳۵ ، ۱۰ مرلہ - ۷۰×۴۰ ، ۲۰ مرلہ - ۱۰۰×۵۵
مزید معلومات کے لئے:
العارف اسٹیٹس ڈیولپرز گول بازار ربوہ : فون آفس: ۴۹۸ ، فون رہائش: ۴۷۸

کئی سال سے آپکی
بے لوث خدمت کرنیوالا
واحد ادارہ
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
سکنی و زرعی اراضی مکانات و پلاٹس وغیرہ کی خرید و فروخت کیلئے
آپ کی خدمت کا متمنی
احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ
انس مارکیٹ ربوہ
فون نمبر: ۵۳۵

جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
قابلِ اعتماد اِدارہ
صدیق اسٹیٹ ایجنسی
نزد ریلوے پھاٹک
اقصیٰ روڈ - ربوہ
— پروپرائٹر —
چوہدری محمد صدیق
فون دفتر : ۶۴۰
فون رہائش : ۵۴۰

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے باعتماد ادارہ ○ **ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز** فون ۵۲۱ ریلوے روڈ بالمقابل ربوہ
فون گھر ۴۳۱ ریلوے سٹیشن رحمت بازار کو یاد رکھیں